© rasailojaraid.com






## حاجی محمد اسحاق بٹ کی رحلت اور مولانا سید عبدالحنان کی والدہ ماجدہ کے سانحہ ارتحال پر اظہارِ تعزیت

جامعہ سلفیہ میں اساتذہ کرام کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا' جس میں معروف سماجی کارکن اور جامعہ سلفیہ اسلام آباد کے ٹرسٹی ممبر حاجی محمد اسحاق بٹ کی رحلت پر اظہارِ تعزیت کیا گیا اور ان کی خدمات کو سراہا گیا۔ حاجی محمد اسحاق بٹ مرحوم بہت فعال کارکن تھے اور دینی' سماجی اور رفاہی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے اور بے لوث خدمت سرانجام دیتے تھے۔ بہت سادہ اور صالح تھے۔ ملنسار اور مہمان نواز تھے۔ آپ فرقان فاؤنڈیشن پشاور کے ممبر تھے اور بھرپور تعاون کرتے تھے۔

ان کی وفات سے ہم سب ایک اچھے بزرگ ساتھی سے محروم ہوئے ہیں۔ اجلاس میں ان کے لواحقین اور جامعہ سلفیہ اسلام آباد کی انتظامیہ کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا گیا اور مغفرت کی دعا کی گئی۔ اجلاس میں معروف عالم دین مولانا سید عبدالحنان شاہ صاحب آف کوئٹہ کی والدہ ماجدہ کی رحلت پر بھی اظہارِ تعزیت کیا گیا۔ شاہ صاحب کی والدہ علاج کی غرض سے کوئٹہ سے لاہور آئیں تھیں' لیکن اچانک طبیعت خراب ہونے سے رحلت فرماگئیں۔ جبکہ شاہ صاحب بھی لاہور پہنچ گئے۔ مرحومہ بہت صالحہ اور صوم و صلوٰۃ کی پابند خاتون تھیں۔ اساتذہ کرام کا یہ اجلاس شاہ صاحب سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے اور مرحومہ کی مغفرت اور بلند درجات کے لیے دعاگو ہے۔ اجلاس میں شیخ الحدیث مولانا عبدالعزیز علوی' شیخ التفسیر حافظ مسعود عالم' مولانا محمد یونس' مفتی عبدالحنان زاہد' مولانا محمد ادریس سلفی' مولانا محمد اکرم رحمانی' پرنسپل جامعہ یلیین ظفر چودھری' رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمٰن نے خصوصی طور پر شرکت کی۔



© rasailojaraid.com